فوری ریلیز کے لیے: 2023/25/1 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے 2022 میں ریاستی تیاری کے تربیتی مرکز میں ریاست نیویارک اور اس کے پار سے 8,000 سے زائد عوامی سلامتی کے ماہرین کے تربیت مکمل کرنے کا اعلان کیا ہے

ڈویژن برائے ہوم لینڈ سیکیورٹی اور ایمرجنسی خدمات کی جانب سے تحفظِ عامہ کی ایجنسیوں اور اہلکاروں کو موجودہ اور ابھرتے ہوئے خطرے سے نمٹنے کے لیے سال بھر کی تربیت فراہم کی جاتی ہے

COVID-19 کی وجہ سے 16 ماہ کے وقفے کے بعد تربیت کے مطالبے میں اضافہ ہو رہا ہے

2023 کے لیے کورسز پہلے سے شیڈول شدہ ہیں، جن کی تفصیلات DHSES [تربیتی کیلنڈر] پر موجود ہیں۔

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ اورسکنی میں ریاستی تیاری کے تربیتی مرکز نے 2022 میں پوری ریاست نیویارک اور اس کے پار سے مختلف شعبوں اور ایجنسیوں کے 8,000 سے زیادہ مقامی، ریاستی اور وفاقی تحفظِ عامہ کے پیشہ ور افراد کو تربیت دی ہے جن میں قانون نافذ کرنے والے، فائر سروس، اور ایمرجنسی انتظامیہ شامل ہے۔ ان طلبا نے عالمی وبا کے پیشِ نظر 16 ماہ کے وقفے کے بعد بالمشافہ تربیت میں، پورا سال جدید ترین، عصری تربیت مکمل کی ہے۔ ڈویژن برائے ہوم لینڈ سیکیورٹی اور ایمرجنسی سروسز کے زیر انتظام، اس مرکز نے گزشتہ سال تربیتوں کی پیشکش کی تھی جس کے نتیجے میں موجودہ اور ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے، مختلف حالات میں پانی سے بچاؤ کرنے، اور ہنگامی ردعمل کے تمام پہلوؤں میں علم کو بڑھانے میں ان پیشہ ور افراد کو مدد فراہم کی گئی تھی۔

"تحفظِ عامہ میری انتظامیہ کی اوّلین ترجیح ہے، اور موہاک ویلی میں ریاست کی عالمی معیار کی تربیت کی سہولت گاہ، نیویارک کے ہزاروں اوّلین ردعمل کے خدمت گزاروں اور ہنگامی عملے کے لیے ردعمل کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے سال بھر کام کرتی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم 2023 میں اور اس کے بعد بھی پورا سال تحفظِ عامہ کی کسی بھی ایجنسی کے لیے SPTC پر اپنے دروازے کھولتے رہیں گے - جہاں ضروری خدمات اور تربیت فراہم کی جاتی ہے جو نیویارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنے میں مدد دے گی۔"

ڈویژن برائے ہوم لینڈ سیکورٹی اور ایمرجنسی سروسز کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "یہ بات ڈویژن کے بنیادی مشن کا حصہ ہے کہ نیویارک کے تحفظِ عامہ اور ایمرجنسی انتظامیہ کے اہلکاروں کو معیاری تربیت فراہم کی جائے۔ نیویارک کا خطرے کا پروفائل ہر سال مزید متنوع ہوتا جا رہا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ ہماری ریاست کے تحفظِ عامہ کے شرکا کو ہنگامی حالات کی بہت سی اقسام کا سدباب کرنے کے لیے تربیت دی جانی چاہیئے۔ میں نیویارک کے تحفظِ عامہ کے اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ ان تمام کورسز سے فائدہ اٹھائیں جو SPTC کی جانب سے 2023 میں پیش کیے جائیں گے۔"

مقامی قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کی شراکت داری میں ریاست کی جانب سے معاونت شدہ نیٹ ورک میں 10 میں سے ایک، [کیپٹل ریجن کے نئے توسیع شدہ جرائم کے تجزیاتی مرکز] کے دورے کے بعد، کل گورنر Hochul نے [اپنے اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ بیان میں اس جامع منصوبے کی تفصیلات بتائی ہیں] تاکہ قانون نافذ کرنے والے اور تحفظِ عامہ کے پیشہ ور افراد کے لیے معاونت اور فنڈنگ کو بڑھایا جا سکے۔ اپنے اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ خطاب میں،

گورنر Hochul نے رضاکارانہ فائر ڈپارٹمنٹس کی بھرتی اور برقرار رکھنے کو بڑھانے میں مدد کرنے کے لیے دو تجاویز کا خاکہ پیش کیا ہے۔ بھرتی اور برقرار رکھنے کو فروغ دینے کے لیے، وہ کمیونٹیز کے لیے قانون سازی کی تجویز پیش کریں گی تاکہ رضاکارانہ آگ بجھانے والے اہل افراد کو معمولی معاوضہ ادا کرنے کی اجازت دی جائے، اور فائر فائٹرز کی بنیادی تربیت سے منسلک کچھ اخراجات کو پورا کرنے کے لیے ایک ریاستی فنڈ بھی تشکیل دیں گی۔ یہ فنڈ ان اجرتوں میں سے کچھ کو بھی پورا کرے گا جس سے رضاکار اس وقت محروم ہو جاتے ہیں جب وہ کام نہیں کر پاتے ہیں کیونکہ انہیں اپنے علاقوں کی خدمت کے لیے تربیت دی جاتی ہے۔

ریاستی تیاری کا تربیتی مرکز (SPTC) ریاستی، مقامی اور وفاقی ایجنسیوں کے لیے تربیتی مقامات اور فارمیٹس کا ایک وسیع سیٹ پیش کرتا ہے۔ کلاس روم کے لیکچرز اور بحث مباحثوں سے لے کر حقیقی اور اعلیٰ کارکردگی والے منظر نامے پر مبنی مشقوں تک، یہ سہولت گاہ متحرک تربیتی مواقع کا ایک مکمل سلسلہ پیش کرتی ہے۔ SPTC کی جانب سے ایجنسیوں کو حقیقت پسندانہ تربیتی ماحول فراہم کیا جاتا ہے جیسے کہ ایک نقلی شہر، ایک رواں پانی/سیلاب سے بچاؤ(Swift Water/Flood Rescue) والی سہولت گاہ، منہدم عمارتوں کے ملبے کا ڈھیر، جنگلاتی ڈھانچے اور دیگر ماحول۔ یہ سہولت گاہ اب اپنے آپریشن کے 16 ویں سال میں، ہر سال نیویارک کے تحفظِ عامہ کے ہزاروں شراکت داروں کو تربیت دیتی ہے، جن میں قانون نافذ کرنے والے، فائر سروس، ہنگامی طبی خدمات، اور ہنگامی انتظام کے عملے سمیت، مختلف شعبوں میں، شوٹر کے فعال واقعات پر جوابی کارروائی کرنے والے، بحران پر گفت و شنید کرنے والے، اور بغیر پائلٹ والے ہوائی جہاز کے نظام (UAS) آپریشنز شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہیں۔

2006 میں، اس مرکز کے قیام کے بعد سے، تحفظِ عامہ کے اہلکاروں کی تربیت کے لیے عالمی معیار کی سہولت گاہ بنانے کے لیے ریاست نیویارک نے 40$ ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔ چونکہ نیویارک کی تحفظِ عامہ کی کمیونٹی کو تربیت دینا، اس تربیتی مرکز کی اوّلین ترجیح ہے، اس لیے امریکہ، کینیڈا اور دیگر ممالک سے اوّلین جواب دہندگان نے اورسکنی میں تربیت میں حصہ لیا ہے۔

2022 میں متعدد کورسز کے انعقاد کے علاوہ، ریاستی تیاری کے تربیتی مرکز نے کئی بڑے پیمانے پر تربیتی پروگراموں کی میزبانی کی تھی جن میں یہ شامل ہیں:

- کینائن ویک: ریاست بھر سے 50 سے زیادہ دھماکہ خیز مواد کا سراغ لگانے کتوں کی (EDC) ٹیموں نے منظر نامے پر مبنی تربیت اور مشکل ترین مہارتوں کے سلسلے کی ایک سیریز میں حصہ لیا تھا۔

- راوینز چیلنج: ریاستی تیاری کے تربیتی مرکز نے ATF کی راوینز چیلنج کی مشق کی میزبانی کی جس میں 200 سے زیادہ مقامی، ریاستی، وفاقی، اور بین الاقوامی بم تکنیکی ماہرین کو منظر نامے پر مبنی تربیت والے پورے ہفتے بھر کے لیے اکٹھا کیا گیا تھا۔ گزشتہ سات سالوں میں یہ چوتھی بار ہے جب تربیتی مرکز نے اس باوقار تقریب کی میزبانی کی ہے۔

- ٹیکٹیکل ویک: پوری ریاست سے ٹیکٹیکل ٹیموں، یا SWAT ٹیموں نے، اپنی صلاحیتوں کو جانچنے کے لیے ہفتے کے دوران جدید منظرناموں کی ایک سیریز میں حصہ لیا تھا۔ اس تقریب کے اختتام پر، تربیتی مرکز کے اہلکاروں نے ہفتے کے دوران کسی ٹیم کی کارکردگی کی بنیاد پر اس ٹیم کو ایک اعلیٰ ٹیم کا نام دیا تھا۔

- تحفظِ عامہ کے بغیر پائلٹ ایئر کرافٹ سسٹمز کی سمٹ: پوری ریاست نیویارک سے 160 مقامی، ریاستی اور وفاقی UAS اسٹیک ہولڈرز نے اس تقریب میں حصہ لیا تھا تاکہ سیکھا جائے کہ اس ٹیکنالوجی کو اپنے تحفظِ عامہ والے مشنز میں کیسے ضم کیا جائے، اس کے علاوہ پرواز کی تربیت حاصل کی جائے۔

- ایکسیلسر چیلنج: 50 سے زیادہ مختلف ایجنسیوں کے تقریباً 150 قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں نے تربیتی مرکز کی اس پریمیئر تقریب میں شرکت کی تھی۔ یہ سالانہ مشق، بم ٹیکس، دھماکہ خیز مواد کا پتہ لگانے

والے کتوں کی ٹیموں اور ٹیکٹیکل ٹیموں کو موجودہ خطرے کے ماحول کی بنیاد پر منظر نامے کی تربیت فراہم کرتی ہے۔

2022 میں، DHSES نے 'TAM ٹیم سمٹ' کے لیے کاؤنٹی کی سطح کے تحفظِ عامہ حکام کو بھی SPTC کے ساتھ یکجا کیا ہے تاکہ انہیں اس بات سے آگاہ کیا جا سکے کہ خطرے کے جائزے اور انتظام کی ٹیمیں کیسے بنائی جائیں گی، جیسا کہ گورنر Hochul کے ایگزیکٹیو آرڈر 18 کی جانب سے معاونت کی گئی ہے جس کا موضوع یہ ہے کہ "گھریلو دہشت گردی سے بچاؤ کرنا اور اس کا تدارک کرنا۔"

اس تربیتی مرکز نے تیسری مرتبہ "نیویارک ہوپ" کی مشق کے لیے کالج کے تقریباً 50 طلبہ کی میزبانی بھی کی ہے۔ یہ مشق طلبا کو ہنگامی انتظامیہ اور ہوم لینڈ سیکیورٹی کے شعبوں میں ممکنہ کیریئرز کے لیے تیار کرنے میں مدد کرتی ہے۔ آفت زدگی سے نمٹنے کی اس چار روزہ مشق نے طلباء کو قیادت؛ ٹیم ورک اور اعتماد سازی؛ آفت زدگی کا سدباب اور طبی آپریشنز؛ حادثے پر قابو پانے کے نظام اور باہم قابلِ عمل مواصلتوں، اور ایمرجنسی سروسز کی شریک ایجنسی کی تربیت حاصل کرنے کی تربیت دی تھی۔

2023 میں، ریاستی تیاری کا یہ تربیتی مرکز، اوریسکانی میں فراہم کی جانے والی تربیت کی اقسام، اور اس کے ساتھ ان کوششوں میں مصروفِ عمل اسٹیک ہولڈر گروپس کو وسیع کرتا رہے گا، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ خطرے کے بڑھتے ہوئے ماحول سے نمٹنے کے لیے ریاست نیویارک تیار ہے۔ ڈویژن برائے ہوم لینڈ سیکیورٹی اور ایمرجنسی سروسز بھی تربیتی مرکز کی سہولیات کی ترقی کو فروغ دے رہا ہے۔ یہ منصوبے اس امر کے متقاضی ہیں کہ تربیتی مقام کے طور پر استعمال میں لائے جانے، ساتھ ہی بڑے تربیتی پروگراموں کی میزبانی کے لیے ایک نئے، بڑے پیمانے کے حامل آڈیٹوریم کی تعمیر کی جائے۔

اہم تقریبات کے علاوہ، یہ تربیتی مرکز، تحفظِ عامہ کے اہلکاروں کے لیے وسیع کورسز کی میزبانی کرے گا۔ مزید معلومات کے لیے ریاستی تیاری کے تربیتی مرکز کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی کی خدمات کے ڈویژن کے متعلق
ڈویژن برائے ہوم لینڈ سیکیورٹی اور ایمرجنسی سروسز، آفات اور دیگر ہنگامی حالات کو روکنے، ان سے بچاؤ کرنے، تیاری کرنے، سدباب کرنے، ان سے بحال ہونے اور کمی لانے کے لیے قیادت، رابطہ کاری اور مدد فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے، Facebook پر، Twitter پر، DHSES کو تلاش کریں یا dhses.ny.gov ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں